اوما شنکر پروڈکشن کا

कंगन

کنگن

اداکاران

اشوک کمار - نروپا رائے - ششی قیمت ۱ر

مدھو اٹری - نذیر حسین - ڈیزی ایرانی - بھگوان

زنت اینڈ کو کمیلرز دریبہ کلاں دھلی

کنگن کے گانے

گانا نمبر ۱

بیس برس تک دل کو سنبھالا۔ چلا گیا پر جلنے والا
نہ ٹوٹی کوئی کھڑکی ڈر کی، نہ ٹوٹا کوئی تالا
دل ہو گیا چوری ....
چونی تھی جو چوری چور سے مل گئے
انکھیوں کے دو پہرے دار
گھر کے بھیدی ڈھا گئے لنکا
ورنہ ہم تو تھے ہوشیار
کتنے ناز سے دل سنبھالا
چلا گیا پر جانے —
تھانے میں رپٹ دی پھر بھی
کہیں مل نہ سکی ظالم کی خبر
پولیس یہ بولی ارے تمہی ہو گی دل لینے والی کی نظر
نینوں ہی کا دیا حوالا
مل نہ سکا پر جلنے —

گانا نمبر ۲

جواب نہیں، جواب نہیں۔ گورے مکھڑے پہ کالے تل کا
منہ چوم لوں ہائے تیرے بنانے والے کا
جواب نہیں —

نہ تو ہوا ہے اور نہ ہوگا

رسیا تم سا بھی دل والا ہائے

دل اپنا تو لے کے گیا ہے

گال گلابی پہ تل والا ہائے

کہیں ہاتھ ملے تو چوم لوں۔ بس اس تل کے لگانے والے کا

قیمت اسکی جانگے جسکا ہاتھ پکڑے جی تم سا حسین

بات ہماری چھوڑو جی چھوڑو تم نہ ترا کسی میں بھی نہیں

تم جیسے یہ مرزا جی پیار کرو

وہ بٹیا ہے قیمت والے کا

گانا نمبر۳

لکھ پڑھ، پڑھ لکھ، لکھ پڑھ کے اچھا اچھا احسان

دینے لئے نہیں اور ملک کے لئے ہے یہ تیرا تن من

لکھ پڑھ ——

یہ تو بتاؤ دس اور دس مل ہوتے ہیں کتنے

انگلیاں جتنی دو ہاتھوں دو پاؤں بھی اتنے

دس اور دس مل بیس ہوئے پچاس اور چھپن

لکھ پڑھ ——

یہ تو تلسی داس کون تھے اور کہاں رہتے تھے

سنت کوی تھے، گنگا تٹ پر رام بھجن کہتے تھے

جیتے رہو جیتے رہو تم ہی تو ہو اس دیش کا سچا دھن

لکھ پڑھ ——

این۔ ای۔ ایچ۔ آر۔ یو بویہ کیس کا نام ہے
رشتے میں ہے وہ میرا چچا جس کا بھی یہ نام ہے
اس نہرو چاچا کو ہیں ہم سب بچے بلتے
یکھ پڑھ ——

گانا نمبر ۴

میرے پیارے کی پلکوں میں آ۔ آ ندیا رانی ہو تیرا بھلا
سوتے لیریا سوئے کنارے
انکھیاں جھپکیں چاند اور تارے
آ تو بھی تاروں کی ڈولی میں آ —— آ ندیا رانی ——
جلدی سپنے لیکر آنا اپنے دل کا درد بھلانا
اور کہاں دیر بھئی اتنی جا۔ آ ندیا رانی ——

گانا نمبر ۵

مسکراؤ کہ جی نہیں لگتا۔ پاس آؤ کہ جی نہیں لگتا
یہ خموشی یہ بے زبانی کیوں چھیڑ دیں کوئی کہانی کیوں
گنگناؤ کہ جی نہیں لگتا ۔ مسکراؤ ——
پاس ہو تم ہے پھر بھی تنہائی
کیا نہیں پیار کی یہ رسوائی
کچھ سناؤ کہ جی نہیں لگتا ۔ مسکراؤ ——
رات کا حسن بھی ذرا دیکھو
چاندنی کہہ رہی ہے کیا دیکھو
مان جاؤ کہ جی نہیں لگتا ۔ مسکراؤ ——

گانا نمبر ۶

دیکھو پنیاں بھرن کے بہانے چلی جمنا کی اور
رادھا اُس پار چِت چور رنگ رس رچانے
دیکھو پنیاں ——

پائل چھمکے گھنگھرو چھنکے
ٹھمک ٹھمک چلے چال البیلی
شیام کی موہے پریت نیں کھو کے
بن گئی رادھا ایک پہیلی
سانورے نے دیکھا کیا رادھکا ہی جانے
دیکھو پنیاں ——

تن من بھولا دین بھولا
بھول گئی ہے رادھا سنگار بھی
سُن ری سکھی یہ پیار برا ہے
گھر بھی چھڑائے اور سنسار بھی
جس تن لاگے وہی تن جانے
دیکھو پنیاں ——

گانا نمبر ۷

زندگی جس نے تجھے دی ہے مٹائے گا وہی
یہ دِیا جس نے جلایا ہے بجھائے گا وہی
آندھیاں غم کی چلتی ہیں چلنے بھی دے
جل سکے جب تلک شمع جلنے بھی دے

آندھیاں ——
دے گی خوشیوں کی برکھا یہ کالی گھٹا
اپنے ہاتھوں نہ اپنا دیا تو بجھا
صبر کر یہ گھڑی غم کی ٹلنے بھی دے
جل سکے ——

دھوپ میں چھاؤں ہے چھاؤں میں دھوپ ہے
ہر تمنا میں آشا کا اک روپ ہے
درد پلتا ہے دل میں تو پلنے بھی دے
جل سکے ——

زندگی دے رہی ہے تجھے یہ صدا
جانے والے نہ جب میری محفل میں آ
قافلہ زندگی کا یہ چلنے بھی دے
جل سکے ——

گانا نمبر ۸

آگ لگانا کیا مشکل ہے
کہو تو میں آنکھوں سے لگا دوں
ابھی ابھی ....
ارے اس کا بجھانا کیا مشکل ہے
کہو تو میں ہونٹوں سے بجھا دوں
بجھا دوں ... ابھی ابھی ...
لوگ کہیں یہ تارے اونچے ان تک کس کا ہاتھ گیا

تارے کیا ہیں، چاند بھی اکثر جھک کر میرے ساتھ گیا
ان تک جانا کیا مشکل ہے
کہو تو میں توڑ کے دکھلا دوں
کبھی نہ دیکھی ہو جو قیامت
دیکھو میری آنکھوں کو
کبھی نہ کی ہو اگر محبت
دیکھو میری آنکھوں کو
پیار لگانا کیا مشکل ہے۔ کہو میں سب کو بتا دوں
قیمت دل کی کیا دو گے
یہ دل کے خریداروں سے کہا
مرنے کو تیار کوئی ہے حسن کے بیماروں سے کہا
کوئی نہ بولا اک اک ہار گیا
کہو تو میں سب کو بٹھا دوں

ختم شُد

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/1-/-	آمنہ کا لال	1/1-/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	فاطمہ کا لال	2/1/0
شہادت نامہ کلاں	-/6/-	فاطمہ کا چاند	2/1-/-
شہادت نامہ خورد	-/3/-	شہیدان کربلا	1/1-/-
سیدہ کا لال	-/1/6	جنگ نامہ کربلا	1/1/0

پُر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

(الہ آباد پریس دہلی)